| Narration | Time |
|---|---|
| awk میں conditional statements پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم awk میں if, else, else if کے بارے میں سیکھیں گے. | 00:07 |
| یہ ہم کچھ مثالوں کے ذریعے سیکھیں گے. | 00:15 |
| اس ٹیوٹوریل کو ریکارڈ کرنے کے لئے، میں Ubuntu لینکس 16.04 آپریٹنگ سسٹم اور Gedit ٹیکسٹ ایڈیٹر 3.20.1 کا استعمال کر رہا ہوں | 00:19 |
| آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ٹیکسٹ ایڈیٹر استعمال کر سکتے ہیں. | 00:32 |
| اس ٹیوٹوریل پر عمل کرنے کے لئے، آپ کو ہماری ویب سائٹ پر پچھلے awk ٹیوٹوریل پڑھنے چاہئے. | 00:36 |
| آپ کو پروگرامنگ زبان، جیسے C یا ++ C سے واقف ہونا چاہئے. | 00:43 |
| اگر نہیں، تو براہ مہربانی ہماری ویب سائٹ پر متعلقہ مضامین دیکھیں. | 00:50 |
| اس ٹیوٹوریل میں استعمال کردہ فائلیں اس ٹیوٹوریل پیج پر کوڈ فائلوں میں موجود ہیں۔ ان کو ڈاؤن لوڈ کریں اور ایکسٹریکٹ کریں | 00:56 |
| conditional statement ہمیں کام کے عمل سے پہلے ایک مخصوص condition کی جانچ کرنے کی اجازت دیتا ہے | 01:06 |
| ملاحظہ کریں کہ کس طرح conditional statements جیسے if, else, else-if ، awk میں کام کرتے ہیں | 01:14 |
| کسی بھی پروگرامنگ زبان کی طرح، if -else statement کا سنٹیکس ہے: | 01:22 |
| اگر if conditional-expression1 ، TRue ہے تو، action1 پر عملدرآمد کیا جاتا ہے. | 01:28 |
| اور اگر else if conditional-expression2، True ہے تو، action 2 پر عملدرآمد کیا جاتا ہے | 01:34 |
| اس کے بعد کئی else if statements بھی آئیں گے. | 01:41 |
| آخر میں، اگر کوئی بھی conditional expressions، True نہیں ہے تو action n پر عملدرآمد ہوتا ہے | 01:46 |
| else اور else-if جزوی آپشنس ہیں . یہ ایک مثال کے ذریعے دیکھتے ہیں. | 01:54 |
| ہم اسی awkdemo.txt فائل کا استعمال کریں گے، جس سے ہم نے پہلے استعمال کیا تھا | 02:02 |
| فرض کریں، ہمیں 8000 روپے سے زائد اجرت وصول کرنے والے طالب علموں کو 50 فی صد اضافہ کرنا ہے | 02:10 |

| | |
|---|---|
| 02:1 9 | اس condition کے لئے ایک awk فائل بنائیں. |
| 02:23 | مندرجہ ذیل کوڈ لکھیں جیسا کہ ٹیکسٹ ایڈیٹر میں دکھایا گیا ہے اور اسے cond dot awk کے طور پر سیو کریں۔ میں نے یہ پہلے ہی کیا ہے۔ |
| 02:34 | کوڈ فائلوں میں بھی یہی فائل دستیاب ہے. |
| 02:39 | اس کوڈ میں، ہم نے Output Field Separator کے طور پر colon مقرر کیا ہے. |
| 02:45 | پہلا print statement، field headings پرنٹ کرے گا. |
| 02:50 | if statement یہ جانچے گا کہ کیا چھٹے فیلڈ کی ویلیو 8000 سے زائد ہے |
| 02:58 | اگر ہاں، دوسرے print statement پر عملدرآمد کیا جائے گا. |
| 03:03 | print statement کے اندر $6 into 1.5، چھٹے فیلڈ کو 1.5% سے ملٹیپلائی یعنی ضرب کرے گا |
| 03:13 | اب اس کوڈ کو ایکزِکیوٹ کریں |
| 03:16 | CTRL، ALT اور T کیز دبا کر ٹرمنل کھولیں. |
| 03:22 | cd command کا استعمال کرتے ہوئے، اس فولڈر پر جائیں جس میں آپ نے کوڈ فائلوں کو ڈاؤن لوڈ اور ایکسٹریکٹ کر دیا ہے. |
| 03:29 | اب ٹائپ کریں: awk space hyphen capital F pipe symbol within double quotes space hyphen small f space cond dot awk space awkdemo dot txt<br>اب اینٹر دبائیں |
| 03:49 | آؤٹ پٹ صرف ایک طالب علم کی بڑھی ہوئی اُجرت کے ساتھ ریکارڈ ظاہر کرتا ہے، جس نے یہ condition مکمل کی ہے. |
| 03:57 | اب، فرض کریں کہ Rule بدل گئے ہیں، 8000 روپے سے زائد اُجرت وصول کرنے والے طلباء کے لئے 50 فیصد اضافہ کریں. |
| 04:07 | ورنہ 30 فیصد اضافہ کریں، ہم یہ کیسے کر سکتے ہیں؟ |
| 04:13 | ہمیں ایک اور بلاک شامل کرنے کی ضرورت ہے. |
| 04:16 | ایک بار پھر cond dot awk فائل میں جائیں. |

| | |
|---|---|
| 04:21 | آیئے کوڈ کی یہ لائن شامل کریں.<br>آخری کلوزِنگ curly brace سے پہلے انٹر دبائیں. |
| 04:30 | else، انٹر دبائیں |
| 04:33 | print space dollar 2 comma dollar 6 comma dollar 6 into 1.3 |
| 04:42 | فائل کو سیو کریں اور terminal پر جائیں. |
| 04:46 | گزشتہ ایکزِ کیوٹ کی گئی کمانڈ پر جانے کیلئے up arrow کی دبائیں<br>اور enter دبائیں |
| 04:53 | اب آوٹ پُٹ دیکھیں.<br>یوجنا چوہدری کو پہلے 1000 ملتے تھے اب اُسے 1300 ملتے ہیں |
| 05:04 | دوبارہ قاعدہ تبدیل کریں .8000 روپے سے زیادہ لینے والے طلباء کے لئے 50 فیصد اضافہ |
| 05:13 | 4000 روپے سے زیادہ لینے والے طلباء کے لئے 40 فیصد اضافہ . |
| 05:23 | کوڈ پر جائیں، دکھائے گئے کوڈ کو اپ ڈیٹ کریں. |
| 05:29 | فائل کو سیو کریں اور ٹرمینل پر جائیں. |
| 05:33 | ٹرمینل صاف کریں. |
| 05:36 | گزشتہ ایکزِ کیوٹ کی گئی کمانڈ پر جانے کیلئے up arrow کی دبائیں<br>اور enter دبائیں |
| | اس وقت نوٹ کریں کہ طالب علم میرا نائر ( Mira Nair ) کو 40 فیصد اضافہ ملا |
| 05:51 | اس کے ساتھ ہم اس ٹیوٹوریَل کے اختتام تک پہنچ گئے ہیں. |
| 05:54 | مختصر میں اس ٹیوٹوریَل میں ہم نے awk میں Conditional statements کے بارے میں سیکھا، جیسے<br>if , else, else if |
| | مشق کے طور پر رولز یعنی اصولوں کی بنیاد پر گریڈس دیں۔ اگر مارکس 90 یا اس سے اُوپر ہوں تو گریڈ A ہوگا |
| 06:15 | اگر مارکس 80 سے بڑا لیکن 90 سے کم ہوگا تو گریڈ B ہوگا |
| 06:23 | اگر مارکس 70 سے بڑا لیکن 80 سے کم ہوگا تو گریڈ C ہوگا |

| | |
|---|---|
| 06:30 | اگر مارکس 60 سے بڑا لیکن 70 سے کم ہوگا تو گریڈ D ہوگا<br>.ورنہ گریڈ F ہو جائے گا. |
| 06:41 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں. یہ اسپوکن ٹیوٹورئل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے .اگر آپ کو اچھی بینڈ وڈتھ دستیاب نہیں تو، آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 06:49 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم اسپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپس منعقد کرتی ہے اور آن لائن امتحان پاس کرنے والوں کو اسناد دیتی ہے. |
| 06:58 | مزید معلومات کے لئے، براہ مہربانی ہمیں لکھیں. |
| 07:02 | کیا آپ اس ٹیوٹورئل کے بارے میں میں کوئی سوالات رکھتے ہیں؟ براہ کرم یہ سائٹ ملاحظہ کریں. |
| 07:08 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کو MHRD، بھارتی حکومت کے قومی مشن برائے تعلیم نے ICT کے ذریعے معاونت کی ہے۔اس مشن پر مزید معلومات مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ہیں |
| 07:20 | آئی آئی ٹی بمبئی سے میں وجاحت احمد اب آپ سے اجازت لیتا ہوں، .ہمارے ساتھ شامل ہونے کا شکریہ. |